Inquilab, 23-Feb, 2014

نیتر ہاٹ کے فارغین کیلئے بلڈنگ کا منصوبہ

پٹنہ (نامہ نگار): نیتر ہاٹ اسکول کے فارغین طلبہ ملک اور دنیا میں ایک الگ شناخت رکھتے ہیں۔ راجدھانی میں بھی نیتر ہاٹ اسکول کے فارغین کی کوئی کمی نہیں۔ بلڈنگ کنسٹرکشن، کوچنگ انسٹی ٹیوٹ، تجارت اور نوکری سبھی پیشوں میں ان کی خاصی گرفت ہے۔ نیتر ہاٹ اولڈ بوائز ایسوسی ایشن کے رکن ابھے کمار نے ایسے فارغین کے لئے ایک ایسا منصوبہ پیش کیا ہے جو اپنی طرز کا شاید یہ بہار میں پہلا نمونہ ہوگا۔ امیت نے کہا ہے کہ وہ ایک ایسی عمارت بنانے کا آفر ان فارغین کو فراہم کرا رہے ہیں جہاں صرف نیتر ہاٹ کے فارغین مقیم ہوں گے۔ انھوں نے گرہ پرویش نامی کنسٹرکشن کمپنی کے زیر اہتمام یہ عمارت بنوانے کا اعلان کیا ہے۔ اس عمارت میں جدید تکنیک کا استعمال کیا جائے گا اور تمام ممکنہ سہولیات ہوں گی۔